سننے کو۔ تو اب جو سننا چاہے، پائے گا اپنے لئے شعلہ کو گھات میں● اور بیشک ہم نہیں قیاس کر سکتے

اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ﴿۱۰﴾ وَّ اَنَّا مِنَّا

کہ آیا برائی کا ارادہ کیا گیا ہے زمین والوں سے، یا ارادہ فرمایا ہے انکے رب نے بھلائی کا● اور بیشک

الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ﴿۱۱﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنْ

ہم میں بعض نیک ہیں، اور بعض انکے خلاف ہیں، ہم الگ الگ راہ رہے● اور بیشک ہم نے سمجھ لیا کہ ہم

لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِی الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ﴿۱۲﴾ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا

ہرگز نہیں بے قابو کر سکتے اللہ کو، زمین میں کہیں، اور نہ بے قابو کر سکتے ہیں اسے بھاگ کر● اور بیشک جب سن لیا ہم نے

الْهُدٰۤی اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ یُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا یَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾

ہدایت کو، تو مان گئے اس کو۔ کہ جو مانے گا اپنے رب کو، تو نہ ڈرے گا کسی کمی کو، نہ بیشی کو●

وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا

اور بیشک ہم میں کچھ مسلمان ہیں اور کچھ ظالم ہیں، تو جس نے اسلام قبول کیا، تو انہوں نے مقصود

رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا

بنایا ہدایت کو● اور رہے ظالم، تو وہ ہوئے جہنم کے ایندھن● اور یہ بھی وحی کی گئی ہے، کہ اگر

عَلَی الطَّرِیْقَةِ لَاَسْقَیْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِیْهِ ؕ وَمَنْ

لوگ سیدھے چلتے راہ پر، تو یقیناً ہم سیراب کرتے انہیں پانی سے بافراط● تاکہ آزمائیں انہیں اس بارے میں۔ اور جو

یُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ یَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ

منہ پھیرے اپنے رب کے ذکر سے، تو گھسیٹے گا اسے بڑھتے چڑھنے والے عذاب میں● اور بیشک مسجدیں

لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ یَدْعُوْهُ

اللہ کیلئے ہیں، تو مت دہائی دو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی● اور بیشک جب کھڑا ہوا اللہ کا بندہ، کہ معبود کی

كَادُوْا یَكُوْنُوْنَ عَلَیْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ قُلْ اِنَّمَاۤ اَدْعُوْا رَبِّیْ وَلَاۤ اُشْرِكُ بِهٖۤ ع ۱ ۱۹ ۱۱

دہائی دے، تو ہو جانے لگے اس پر بھیڑ● کہہ دو کہ میں دہائی دیتا ہوں بس اپنے رب ہی کی، اور نہیں شریک

اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ اِنِّیْ لَاۤ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ اِنِّیْ لَنْ

بناتا اسکا کسی کو● کہہ دو، کہ "میں خود مختار نہیں ہوں تمہارے کسی برے کا، اور نہ بھلے کا"● کہہ دو، کہ "بیشک نہیں بچا سکتا

یُّجِیْرَنِیْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ اِلَّا

مجھے اللہ سے کوئی دوسرا۔ اور ہرگز نہ پا سکتا اس کے خلاف کوئی پناہ گاہ● سوا

بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ

اللہ کی پیغامبری اور رسالتوں کے"۔ اور جو گناہ کرے اللہ اور اس کے رسول کا، تو بلاشبہ اسکے

نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ﴿۲۳﴾ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ

لئے جہنم کی آگ ہے، ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے اس میں ● یہاں تک کہ جب دیکھ پائے جسکا وعدہ دیئے جاتے ہیں،

فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِيْٓ

اب جلد جان لینگے، کہ کون کمزور رکھتا ہے مددگار، اور کم بھی شمار میں ● کہہ دو "میں اٹکل سے نہیں

اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ

کہہ سکتا، کہ قریب ہے جو وعدہ دیئے جاتے ہو، یا کر دیگا اس کو میرا رب دراز" ● اور وہ غیب کا جاننے والا ہے،

فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ

تو نہیں مکمل آگاہی دیتا غیب پر کسی کو ● مگر جسے چن لیا رسول سے، کہ بلاشبہ وہ

يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ

لگا دیتا ہے رسول کے آگے پیچھے پہرہ ● تاکہ بتادے کہ انہوں نے

اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع ۲ ۹ ۱۲

پہنچا دیا اپنے رب کے پیغام کو، اور گھیر لیا جو کچھ ان کے پاس ہے، اور شمار کر لیا ہر چیز کو گنتی میں ●

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ ۷۳ مکیۃ ۳ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰیاتہا ۲۰ رکوعاتہا ۲

سورۂ مزمل مکیّہ — نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا — آیات ۲۰ رکوع ۲

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ

اے چادر کی جھرمٹ مارنے والے ● جاگو رات کو عبادت میں، مگر کچھ حصہ ● آدھی رات یا اس سے کم

قَلِيْلًا ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴿۴﴾ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ

کر دو ● یا بڑھا دو اس پر کچھ، اور قرآن کو پڑھو ٹھہر ٹھہر کر ● بیشک ہم اب اتاریں گے تم پر

قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ﴿۶﴾ اِنَّ

گراں وزن بات ● بیشک رات کا اٹھنا، یہ زیادہ ہے نفس پر دباؤ ڈالنے کو، اور بہت ٹھیک ہے کچھ بولنے کو ● بیشک

لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿۷﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ﴿۸﴾

تمہارے لئے دن میں بہتیرے کام ہیں ● اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرو، اور اسی کے ہو رہو، سب سے الگ ہو کر ●

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿۹﴾ وَاصْبِرْ

مشرق و مغرب کا رب، نہیں ہے کوئی معبود اس کے سوا، تو بنائے رہو اسی کو کارساز ● اور صبر کرو اس پر،

عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿۱۰﴾ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ

جولوگ بک دیتے ہیں، اور ابھی چھوڑے رہو انہیں خوبصورتی سے ● اور رہنے دو مجھے، اوران جھٹلانیوالے

اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿۱۲﴾ وَّ

سرمایہ داروں کو، اور مہلت دے دوانہیں ذرا سی ● بیشک ہمارے پاس بھاری بھاری بیڑیاں اور بھڑکتی آگ ہے ● اور

طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ

غذا اٹکنے والی، اوردکھ والا عذاب ● جس دن کہ کانپ پڑیں گے زمین اور پہاڑ،

وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا

اور ہوگئے پہاڑ ریت کے بہتے ٹیلے ● بیشک ہم نے بھیجا تم لوگوں کی طرف رسول کو۔۔ چشم دید گواہ

عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ

تم پر۔ جس طرح کہ بھیجا تھا ہم نے فرعون کی طرف رسول کو ● تو گناہ کیا فرعون نے اپنے رسول کا،

فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ

تو پکڑا ہم نے اسے وبال والی پکڑ ● تو کیسے بچو گے تم لوگ اگر کفر میں رہ گئے اس دن؟ جو کردے گا

الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿۱۷﴾ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾ اِنَّ

بچوں کو بوڑھا ● آسمان تو پھٹ جانے والا ہے اس سے، اسکا وعدہ کیا دھرا ہی ہے ● بیشک

هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۱۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ ع ۱ ۱۹ ۱۳

یہ نصیحت ہے۔ تو جس نے چاہا بنالیا اپنے رب کی طرف راستہ ● بیشک تمہارا رب جانتا ہے

اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ

کہ تم شب بیداری کرتے ہو، قریب دو تہائی رات کے، اور آدھی رات تک، اور ایک تہائی رات تک، اور وہ جماعت

الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ

جو تمہارے ساتھی ہیں۔ اور اللہ اندازہ فرماتا ہے رات اور دن کا۔ اسے معلوم ہے کہ تم لوگ نہیں شمار کرسکو گے،

فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ

تو کرم فرمایا تم پر، اب پڑھ لیا کرو جو آسان ہو قرآن سے۔ اسے معلوم ہے کہ عنقریب ہوں گے

مِنْكُمْ مَّرْضٰى وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ

تم میں سے کچھ بیمار۔ اور کچھ لوگ سفر کریں گے زمین میں، تلاش کریں گے

فَضْلِ اللّٰهِ ۚ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ

اللہ کا فضل۔ اور کچھ لوگ جہاد کریں گے اللہ کی راہ میں۔ اب پڑھ لیا کرو جو آسان ہو

مِنْهُ ۚ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ

قرآن سے۔ اور پابندی کرو نماز کی، اور دیتے رہو زکوٰۃ کو، اور دو اللہ کو قرض حسنہ۔

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ

اور جو آگے بھیج دو گے اپنے بھلے کو کوئی بھلائی، تو پاؤ گے اسے اللہ کے یہاں بہتر اور

اَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۲۰ ع ۲ ۱۴

بہت بڑا، ثواب میں۔ اور مانگتے رہو بخشش اللہ سے۔ بیشک اللہ غفور رحیم ہے●

سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ ۷۴ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۵۶ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۂ مدثر مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۵۶ رکوع ۲

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝۱ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝۲ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝۳ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝۴ وَ

اے چادر اوڑھنے والے● کھڑے ہو جاؤ پھر ڈر سنا دو● اور اپنے رب کی بڑائی بولو● اور اپنے کپڑوں کو پاک ہی رکھو● اور

الرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝۵ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝۶ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝۷ فَاِذَا نُقِرَ فِي

بت کو تو بالکل چھوڑے رکھو● اور اسلئے احسان نہ کرو کہ بدلہ زیادہ چاہو● اور اپنے رب ہی پر جمے رہو● کہ جہاں پھونکا

النَّاقُوْرِ ۝۸ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۝۹ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ۝۱۰

گیا صور میں● تو وہ دن دشوار دن ہے● کافروں پر آسان نہیں ہے●

ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۝۱۱ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۝۱۲ وَّ

رہنے دو مجھے اور جسے پیدا کیا میں نے اکیلا● اور دیا میں نے اسے لمبا چوڑا سرمایہ● اور

بَنِيْنَ شُهُوْدًا ۝۱۳ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ۝۱۴ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ۝۱۵ كَلَّا ۭ

حاضر باش بیٹے● اور سامان دیا اسے خوب● پھر بھی للچاتا ہے کہ میں اور بھی دوں● ہرگز نہیں۔

اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ۝۱۶ ۭ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ۝۱۷ ۭ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝۱۸

بیشک یہ ہماری آیتوں کا مخالف ہے● جلد ہی چڑھاؤں گا اسے صعود نام کے جہنمی پہاڑ پر● بیشک اس نے سوچا اور اندازہ لگایا●

فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝۱۹ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝۲۰ ثُمَّ نَظَرَ ۝۲۱ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝۲۲

تو غارت کیا جائے، کیسا اندازہ لگایا● پھر غارت کیا جائے، کیسا اندازہ لگایا● پھر نگاہ ڈالی● پھر تیوری چڑھالی اور منہ بگاڑا●

ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ﴿۲۴﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ

پھر پیٹھ دکھائی اور بڑا بنا● پھر بولا، کہ "یہ بس جادو ہی کی نقل کی جاتی ہے● یہ نہیں ہے مگر بشر کا

الْبَشَرِ ﴿۲۵﴾ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ﴿۲۶﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿۲۷﴾ لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ

کلام"● جلد جھونک دونگا میں اسے جہنم میں● اور تم نے کیا اٹکل لگایا کہ کیا ہے جہنم● نہ باقی رکھے اور نہ چھوڑے● جھلسا دینے

لِّلْبَشَرِ ﴿۲۹﴾ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿۳۰﴾ وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّ

والی چہروں کو● اس پر مقرر ہیں اُنیس[19]● اور نہیں مقرر کیا ہم نے جہنم کے داروغے، مگر فرشتوں کو۔ اور

مَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

نہیں قرار دیا ان کے شمار کو، مگر آزمائش انکے لئے جنہوں نے کفر کیا، تاکہ یقین کرلیں جنہیں دی گئی ہے

الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا ۙ وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

کتاب، اور قوی ہو جائے جو ایمان لا چکے ہیں ان کا ایمان، اور شک نہ کرسکیں وہ جو دیئے گئے ہیں کتاب،

وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ

اور مسلمان۔ اور تاکہ بکا کریں وہ جن کے دلوں میں بیماری ہے، اور کافر لوگ، کہ کیا منشا ہے

اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ

اللہ کا اس عجیب بات سے۔ اسی طرح بے راہ رکھتا ہے اللہ، جسے چاہے۔ اور راہ دیتا ہے جسے

يَّشَاۗءُ ۭ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ۭ وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ﴿۳۱﴾ كَلَّا وَ ع ۱ ۳۱ ۱۵

چاہے۔ اور نہیں بتا سکتا تمہارے رب کے لشکروں کو سوا اسکے۔ اور نہیں ہے وہ، مگر نصیحت بشر کیلئے● نہیں کیا قسم

الْقَمَرِ ﴿۳۲﴾ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ﴿۳۳﴾ وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ﴿۳۵﴾

ہے چاند کی● اور رات کی جب پیٹھ پھیرے● اور صبح کی جب روشنی پھیلا دے● بیشک جہنم بڑی چیزوں کی ایک ہے●

نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ﴿۳۶﴾ لِمَنْ شَاۗءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ﴿۳۷﴾ كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا

ڈراؤنی بشر کیلئے● جس نے چاہا تم میں سے کہ آگے بڑھ جائے یا پیچھے پڑا رہے● ہر جان جو کچھ کمایا اس

كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ﴿۳۹﴾ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَاۗءَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ ع ۲ ۱۲

میں گرو ہے● مگر داہنے ہاتھ والے● باغوں میں ہیں۔۔ دریافت کرینگے●

عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿۴۳﴾

مجرموں سے● کہ "کیا چیز لے گئی تمہیں جہنم میں؟"● انہوں نے جواب دیا، کہ "ہم نہ تھے نمازیوں سے●

وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكُنَّا

اور نہیں کھلایا کرتے تھے مسکین کو● اور بے ہودہ بحثیں کرتے تھے، بے ہودہ گویوں کے ساتھ ساتھ● اور

نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۴۶﴾ حَتّٰٓى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿۴۷﴾ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ

ہم جھٹلایا کرتے تھے روز جزا کو● یہاں تک کہ آ گئی ہمیں موت"● اب نہ فائدہ دے گی انہیں شفاعت کرنیوالوں

الشّٰفِعِيْنَ ﴿۴۸﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۹﴾ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿۵۰﴾

کی شفاعت● تو انہیں کیا ہے کہ نصیحت سے روگردانی کرنیوالے ہیں● گویا کہ وہ بھڑکے ہوئے گدھے ہیں●

فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿۵۱﴾ بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا

بھاگے ہیں شیر سے● بلکہ چاہتا ہے ہر شخص ان کا، کہ دیئے جاتے الگ الگ

مُّنَشَّرَةً ﴿۵۲﴾ كَلَّا ۭ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿۵۳﴾ كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿۵۴﴾ فَمَنْ

صحیفے● ہرگز نہیں۔ بلکہ وہ ڈرتے ہی نہیں آخرت کو● نہیں کیا بلاشبہ یہ نصیحت ہے● تو جس نے

شَاۗءَ ذَكَرَهٗ ﴿۵۵﴾ وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ ۭ هُوَ اَهْلُ

چاہا نصیحت لی اس سے● اور نہیں نصیحت حاصل کرتے، مگر یہ کہ اللہ چاہے۔ وہی ڈرنے

الرکوع ۲ ۲۵ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿۵۶﴾

کے لائق، اور مغفرت والا ہے●

سورۃ القیٰمة مکیۃ ۷۵ رکوعاتہا ۲ اٰیاتہا ۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ قیامۃ مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۴۰ رکوع ۲

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ﴿۱﴾ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ﴿۲﴾ اَيَحْسَبُ

نہیں کیا میں قسم یاد کرتا ہوں قیامت کے دن کی● اور قسم ہے اس جان کی، جو اپنی بے حد ملامت کرتی رہتی ہے● کیا سمجھ رکھا

الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ﴿۳﴾ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ

ہے انسان نے، کہ ہم نہ جمع کر سکیں گے اسکی ہڈیاں● کیوں نہیں، ہم قدرت والے ہیں اس پر کہ ٹھیک کر دیں

بَنَانَهٗ ﴿۴﴾ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ﴿۵﴾ يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ

اسکے پور پور● بلکہ انسان چاہتا ہے کہ بدی کرتا رہے اس کے آگے● کہ پوچھتا ہے کہ کب ہے

الْقِيٰمَةِ ﴿۶﴾ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ﴿۷﴾ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ﴿۸﴾ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَ

قیامت کا دن● تو جب آنکھ چوندھیا پڑی● اور گہن میں پڑا چاند● اور ملا دیا گیا سورج، اور

الْقَمَرُ ۝۹ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝۱۰ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝۱۱ اِلٰى

چاند● کہے گا انسان اس دن، کہ کہاں بھاگ کر بچوں● ہرگز نہیں، کوئی پناہ گاہ نہیں● تمہارے

رَبِّكَ يَوْمَىِٕذِ ِۨالْمُسْتَقَرُّ ۝۱۲ يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝۱۳

رب ہی کی طرف اس دن ٹھہرنے کی جگہ ہے● بتادیا جائے گا انسان اس دن، جو کچھ آگے بھیجے کیا تھا●

بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۝۱۴ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ۝۱۵ لَا تُحَرِّكْ

بلکہ انسان اپنے اوپر خود ہی نظر رکھنے والا ہے● گو لا ڈالے اپنے بہانے● مت حرکت دو

بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝۱۶ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝۱۷ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ

قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو، کہ جلد یاد کرلو● بلاشبہ ہم پر ہے اسکا جمع کرنا، اور اسکا تمہارے پڑھنے میں رکھنا● تو جب ہم اسے

فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝۱۸ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝۱۹ كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ۝۲۰ وَ

پڑھ چکیں، تو اس پڑھے ہوئے کی اتباع کرو● پھر بلاشبہ ہم پر ہے اسکا تم پر روشن کردینا● کچھ بھی نہیں، بلکہ تم لوگ چاہنے لگے ہو

تَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝۲۱ وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ نَّاضِرَةٌ ۝۲۲ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝۲۳ وَ

جلد جلدی والی دنیا کو● اور چھوڑے ہو آخرت کو● کچھ چہرے اس دن تروتازہ ہیں● اپنے رب کی طرف دیکھنے والے● اور

وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍۭ بَاسِرَةٌ ۝۲۴ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝۲۵ كَلَّاۤ اِذَا بَلَغَتِ

کچھ منہ اس دن بگڑے ہوئے● سمجھتے ہوں گے کہ کیا جائیگا انہیں کمر توڑ دینے والا عذاب● کیوں نہیں، جب پہنچی

التَّرَاقِيَ ۝۲۶ وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ۝۲۷ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ۝۲۸ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ

جان گلے تک● اور کہا گیا کہ کوئی ○ جھاڑ پھونک والا ہے● اور اس نے سمجھا کہ اب جدائی ہے● اور لپٹ گئی پنڈلی سے

بِالسَّاقِ ۝۲۹ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَىِٕذِ ِۨالْمَسَاقُ ۝۳۰ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ۝۳۱ وَلٰكِنْ ع ۱۲ ۱۷

پنڈلی● تمہارے رب ہی کی طرف اس دن ہانک جانا● تو نہ تصدیق کی، اور نہ نماز پڑھی● لیکن

كَّذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۳۲ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰۤى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ۝۳۳ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۝۳۴ ثُمَّ اَوْلٰى

جھٹلایا اور باز رہا● پھر گیا اپنے والوں کی طرف اکڑ رہا ہے● تیرا برا ہو اب برا ہو● پھر برا ہو، تو

لَكَ فَاَوْلٰى ۝۳۵ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ۝۳۶ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً

پھر برا ہو● کیا خیال کر رہا ہے یہ انسان کہ چھوڑ دیا جائے گا بے کار؟● کیا نہ تھا قطرہ منی کا، جو

مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ۝۳۷ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ۝۳۸ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ

ٹپکایا جاتا ہے● پھر ہوا لوتھڑا، تو پیدا فرمایا، اب سڈول کیا● پھر کردیا اس سے جوڑے،

الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾ ع ۲ ۱۸

مرد و عورت● کیانہیں ہے ایسا خالق قدرت والا اس پر، کہ زندہ کردے مُردوں کو؟●

سُوْرَةُ الدَّهْرِ ۷۶ مَدَنِيَّة ۹۸ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۳۱ | رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۂ دہر مدنیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۳۱ رکوع ۲

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ﴿۱﴾ اِنَّا

بیشک آچکا انسان پر ایساوقت بھی زمانہ میں، کہ نہ تھا کچھ قابلِ تذکرہ● بیشک

خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۲﴾

ہم نے پیدافرمایاانسان کو ملے جلے قطرہ سے، کہ آزمائیں اسے، توبنادیاہم نے اسے سننے والا دیکھنے والا●

اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ﴿۳﴾ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

بیشک ہم نے ہدایت کی اسے راستہ کی، کہ یاشکرگزاراور یاناشکرا● بیشک ہم نے تیارکررکھاہے کافروں کیلئے

سَلٰسِلَا۠ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ﴿۴﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ

زنجیریں اورطوق، اور بھڑکتی آگ● بیشک ابرار کا طبقہ، یہ لوگ پئیں گے اس جام سے، جس میں

مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ﴿۵﴾ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۶﴾ يُوْفُوْنَ

آمیزش کافور کی ہے● ایک چشمہ ہے پیتے رہیں گے اس میں اللہ کے بندے، بہا کرلے جائینگے اپنے یہاں● وہ

بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ﴿۷﴾ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ

پوری کریں منت کو، اورڈرتے رہیں اس دن کو، جس کی تباہی پھیل جانیوالی ہے● اور کھانا کھلائیں

عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ﴿۸﴾ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ

اس کی محبت پر، مسکین اور یتیم اور قیدی کو● کہ ہم کھلاتے ہیں تمہیں بس اللہ ہی کیلئے، ہم نہیں چاہتے

مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ﴿۹﴾ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ﴿۱۰﴾

تم سے کوئی معاوضہ، اور نہ شکرگزاری کو● بیشک ہم ڈرتے ہیں اپنے رب سے اس دن کو، کہ تلخ اور نہایت سخت ہے●

فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَجَزٰىهُمْ بِمَا

توبچالیاانہیں اللہ نے اس دن کی خرابی سے، اورعطا کی انہیں تروتازگی اور خوشی● اورثواب دیاانہیں جو

صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ﴿۱۲﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا

انہوں نے صبر کیا تھا، جنت اور ریشمی لباس کا● تکیہ لگائے اس میں تختوں پر۔ نہ دیکھیں گے اس میں دھوپ،

شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا

اور نہ کڑکڑاتی ٹھنڈ● اور جھکے ہوئے ان پر اس کے سائے، اور نیچے کر دیئے گئے اس کے

تَذْلِيْلًا ﴿۱۴﴾ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا ﴿۱۵﴾

خوشے بالکل● اور دور چلایا جائے گا ان پر چاندی کے برتن کا، اور جاموں کا، کہ ہوں گے شیشے●

قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ

شیشے بھی چاندی کے، جس کا اندازہ کر لیا انہوں نے خوب● اور پلائے جائینگے اس میں جام، جس میں

مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿۱۸﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ

آمیزش ہے ادرک کی● چشمہ ہے اسی جنت میں، جس کا نام رکھا گیا سلسبیل● اور دور چلائینگے ان پر

وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ

لڑکے، جو ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ جہاں تم نے دیکھا انہیں، سمجھے انکو کہ موتی ہیں بکھیرے ہوئے● اور جہاں دیکھا تم

ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ﴿۲۰﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ۫

نے وہاں، تو دیکھا آرام اور بڑے ملک کو● ان کے بدن پر ہیں سبز ریشم کے کپڑے، اور دبیز ریشم

وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿۲۱﴾ اِنَّ هٰذَا

اور پہنائے گئے ہیں کنگن چاندی کے۔ اور پلایا ان کو ان کے رب نے پاک صاف شراب● بیشک یہ ہے

كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۲۲﴾ ع اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ ع ۱ ۲۲ ۱۹

تمہارا ثواب، اور تمہاری محنت مقبول ہوئی● بیشک ہم نے اتارا تم پر قرآن کو

تَنْزِيْلًا ﴿۲۳﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾ وَاذْكُرِ

بتدریج● تو انتظار رکھو اپنے رب کے حکم کا، اور نہ کہا مانو ان میں سے کسی گنہگار یا ناشکرے کا● اور یاد کرو

اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۲۵﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا

اپنے رب کے نام کو صبح و شام● اور کچھ رات میں اس کا سجدہ کرو، اور پاکی بولو اس کی زیادہ

طَوِيْلًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا

رات تک● بیشک یہ لوگ پسند کرتے ہیں جلدی والی دنیا کو، اور چھوڑ بیٹھے ہیں اپنے پیچھے گراں بار

ثَقِيْلًا ﴿۲۷﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ

دن کو● ہم نے پیدا فرمایا انہیں، اور مضبوط کیا انکے جوڑ بند کو۔ اور جب بھی چاہتے ہم بدل دیتے ان جیسوں

تَبْدِيْلًا ﴿۲۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۲۹﴾ وَمَا

کوخوب● بیشک یہ نصیحت ہے۔ تو جس نے چاہا اختیار کیا اپنے رب کی طرف راہ کو● اور تم

تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۳۰﴾ يُّدْخِلُ

لوگ کیا چاہو گے، مگر یہ کہ اللہ چاہے۔ بیشک اللہ علم والا حکمت والا ہے● داخل کرے

مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۱﴾ ع ۲/۱۰

جسے چاہے اپنی رحمت میں۔ اور ظالموں کیلئے تیار کر رکھا ہے دکھ والا عذاب●

سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰت مَكِّيَّة ۷۷ ۳۳ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۵۰ رُكُوْعُهَا ۲

سورۂ المرسلات مکیّہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۵۰ رکوع ۲

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿۱﴾ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ﴿۲﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿۳﴾ فَالْفٰرِقٰتِ

قسم ہے انکی جو چھوڑی جاتی ہیں خوب● پھر جھونکے دینے والی سخت● اور قسم ہے خوب اٹھانیوالی ہستیوں کی● پھر حق ناحق کو خوب

فَرْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۵﴾ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ﴿۶﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ﴿۷﴾ فَاِذَا

جدا کرنیوالی شخصیتوں کی● پھر ذکر کا القا کرنیوالی ہستیوں کی● حیلہ ختم کرنے یا ڈرانے کو● کہ جو وعدہ دیئے جاتے ہو یقیناً ہو کر رہنے

النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿۸﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ﴿۹﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ﴿۱۰﴾ وَ

والا ہے● تو جب تارے میٹ دیئے گئے● اور جب آسمان میں رخنہ ڈال دیا گیا● اور جب پہاڑ پھونک اڑائے گئے● اور

اِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ﴿۱۱﴾ لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ﴿۱۲﴾ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ﴿۱۳﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ

جب رسولوں کا وقت آ گیا● کس دن کیلئے ٹھہرائے گئے تھے● فیصلہ کے دن کیلئے● اور کیا اٹکل ہو تمہیں

مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ﴿۱۴﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶﴾

کہ کیا ہے فیصلہ کا دن؟● ہلاکی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی● کیا نہیں برباد کر دیا ہم نے اگلوں کو●

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۷﴾ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

پھر پیچھے لگا دینگے ہم ان کے ان پچھلوں کو● اسی طرح کرتے ہیں ہم مجرموں کے ساتھ● ہلاکی ہے اس دن

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۲۰﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۲۱﴾

جھٹلانیوالوں کی● کیا نہیں پیدا فرمایا ہم نے تمہیں ایک بے قدر قطرہ سے؟● پھر کر دیا ہم نے اسے ایک محفوظ جگہ میں●

اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۲﴾ فَقَدَرْنَا ۟ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۴﴾

وقت معلوم تک● تو اندازہ مقرر کیا ہم نے۔ تو کتنے اچھے ہم قادر ہیں● ہلاکی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی●

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ﴿۲۵﴾ اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا ﴿۲۶﴾ وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ

کیا نہیں بنایا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی؟● زندوں اور مُردوں کو● اور کر دیا ہم نے اس میں پہاڑ اونچے

شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ﴿۲۷﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْطَلِقُوْٓا

اونچے، اور پلایا ہم نے تم لوگوں کو میٹھا پانی● ہلاکی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی● چلو

اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿۳۰﴾

ادھر جسے جھٹلاتے تھے● چل پڑو ایک سایہ کی طرف تین شاخوں والا●

لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ﴿۳۱﴾ اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿۳۲﴾ كَاَنَّهٗ

نہ سایہ دار، اور نہ بچا سکے لپٹ سے● بیشک وہ جہنم پھینکتی ہے چنگاریاں، جیسے بلند محل● گویا وہ

جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿۳۳﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۴﴾ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

اُونٹ ہیں زرد زرد● ہلاکی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی● یہ دن ہے اس کا کہ بول نہ سکیں گے●

وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۷﴾ هٰذَا يَوْمُ

اور نہ اجازت دی جائے گی انہیں کہ بہانے تراشیں● ہلاکی ہے اس دن جھٹلانیوالوں کی● یہ ہے فیصلہ کا دن،

الْفَصْلِ جَمَعْنٰكُمْ وَالْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿۳۹﴾ وَيْلٌ

کہ اکٹھا کر دیا ہم نے تمہیں اور اگلوں کو● تو اگر ہو تمہارا کوئی داؤں، تو چلا لو مجھ پر● ہلاکی ہے

يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۱﴾ وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۴۲﴾ ع ۱ ۲۱

اس دن جھٹلانیوالوں کی● بیشک اللہ سے ڈرنیوالے سایوں اور چشموں میں ہیں● اور میووں میں جو چاہیں●

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

کہ کھاؤ اور پیو فراغت سے، ثواب اس کا جو کرتے تھے● بیشک اسی طرح ثواب دیتے ہیں احسان والوں کو●

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۴۶﴾

ہلاکی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی● یہاں کھالو اور رہ لو کچھ دن، بیشک تم لوگ مجرم ہو●

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿۴۸﴾

ہلاکی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی● اور جب حکم دیا گیا انہیں کہ رکوع والی عبادت کرو، تو نہیں کرتے●

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع ۲ ۲۲

ہلاکی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی● تو کس بات کو اس کے بعد مانیں گے؟●